رہبر معظم کی موجودگی میں حضرت سید الشہداء امام حسین (ع) کی یاد میں عزاداری - 4 /Dec/ 2011

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگی میں سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کی عظیم قربانی کی یاد میں نویں محرم کی شب میں مجلس عزا منعقد ہوئی جس میں کابینہ کے ارکان، اعلی سول اور فوجی حکام کے علاوہ عوام کے مختلف طبقات نے شرکت کیـ مجلس عزا میں امام حسین علیہ السلام کی تحریک کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئیـ اس کے بعد اہلبیتعصمت و طہارت کےمداحوں نے حضرت امام حسین (ع) ان کے اہلبیت (ع) اور ان کےاصحاب (ع) کے مصائب پیش کئےـ

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں مجالس عزا کا پروگرام سات محرم الحرام سے شروع ہوا ہے اور مجالس عزا کا یہ سلسلہ جمعرات 12 محرم تک جاری رہےگاـ